مولانا سید جلال الدین عمری

افکار و آثار

مرتب

اشهد رفیق ندوی

معاونین

محمد انس مدنی / محمد صادر ندوی

ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی

نام کتاب	:	مولانا سید جلال الدین عمریؒ: افکار و آثار
مرتب	:	اشہد رفیق ندوی
معاونین	:	محمد انس مدنی، محمد صادر ندوی
صفحات	:	۵۸۴
اشاعت	:	۲۰۲۲ء
قیمت	:	۶۰۰
کمپوزنگ و سیٹنگ	:	محفوظ الرحمٰن ندوی
ناشر	:	**ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی** نبی نگر، پوسٹ بکس نمبر ۹۳، علی گڑھ، یوپی ۲۰۲۰۰۲ موبائل: 9897746586 ای میل: idaratahqeeq2016@gmail.com
ملنے کا دوسرا پتہ	:	**مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز** D-307، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی۔ 110025

ISBN : 978-81-958258-6-8

Maulana Syed Jalaluddin Umari: Afkaar o Aasar
Compiled by:
Ashhad Rafique Nadvi
Idara Tahqeeq o Tasneef-e-Islami, Aligarh
Pages: 584 Price: 600/-

تحقیقاتِ اسلامی کے فقہی مباحث-ایک مطالعہ

ضیاء الدین فلاحی

مولانا سید جلال الدین عمریؒ (۱۹۳۵ء-۲۰۲۲ء) ہندوستان کے فقہاء میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ وہ تحریک اسلامی میں بڑے اور معتبر عالم دین کی حیثیت میں معروف ومقبول رہے۔ موصوف نے تحریک اسلامی کے حلقوں میں ایک معتبر اور محقق عالم دین کی حیثیت سے اپنا تعارف پیش کیا۔ ان کی فقہی تحریریں ماہنامہ زندگی نو، سہ ماہی تحقیقات اسلامی نیز سہ روزہ وہفت روزہ دعوت اخبار کے ذریعہ وابستگان تحریک اسلامی تک ان کی زندگی میں منتقل ہوتی رہیں۔ انھوں نے ہندوستان کی ملت اسلامیہ کے تشریعی مسائل حل کیے اور ملت کے مشترک محاذوں سے وابستہ ہوکر علمائے اہل سنت والجماعت کے افکار وخیال کی توضیح وترجمانی کی ہے۔ انھوں نے فقہ اسلامی کی خدمت قرآن وسنت کی بنیاد پر کی ہے اور عہد اسلامی کے معتبر مصادر سے اپنی فقہی تشریحات کو وقار بخشا ہے۔

سطور ذیل میں سہ ماہی مجلّہ تحقیقات اسلامی میں شائع شدہ مولانا کے صرف ان مقالات کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے، جنھیں مولانا نے فروری ۲۰۰۹ء میں دوبارہ کتابی شکل میں ۱۸۳ صفحات کے اندر شائع کیا۔ اس نقش ثانی کی اہم خوبی یہ ہے کہ مقالے میں شامل مصادر کے جدید ایڈیشن وصفحات کی تعین وتصریح کردی گئی ہے۔ اشاریہ کتابیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ۶۳ قدیم مصادر سے استفادہ کیا گیا ہے۔ چنانچہ کتابیات کے کالم میں ان ماخذ کی ریفرنسنگ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ زیر بحث آٹھ مقالات کے عنوانات اس طرح ہیں:

۱- اسلامی شریعت میں اجتہاد کا عمل (ص ۱۱-۳۸)، سہ ماہی تحقیقات اسلامی، علی گڑھ، جنوری-مارچ ۲۰۰۹ء

۲- ہندوستان کی شرعی وقانونی حیثیت (ص ۳۹-۵۳)، سہ ماہی تحقیقات اسلامی،